# باب 4 پاکستان اور عالمی امور

**1۔ ڈیورنڈ لائن سے کیا مُراد ہے؟**

1983ء میں وائسرائے ہند نے ہندوستان کے وزیر امورِ خارجہ ماٹیمر ڈیورنڈ کو کابل بھیجا۔ افغانستان کی حکومت سے مذاکرات کے بعد دونوں ممالک کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا جس کے نتیجے میں سرحد کا تعین کیا گیا جو ڈیورنڈ لائن کہلاتی ہیں۔ موجودہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان سرحد کو ڈیورنڈ لائن کہا جاتا ہے۔

**2۔ شاہراہ قراقرم کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

شاہراہ قراقرم پاکستان اور چین کے درمیان اہم تجارتی شاہراہ ہے۔ اس شاہراہ کو شاہراہِ ریشم بھی کہا جاتا ہے۔ یہ شاہراہ قراقرم کی چٹانوں کو کاٹ کر بنائی گئی ہے۔

**3۔ خلیجی ممالک کے نام لکھیں۔**

خلیجی ممالک میں سعودی عرب، عراق، کویت، بحرین، متحدہ عرب امارات اور عمان وغیرہ شامل ہیں۔

**4۔ اقتصادی تعاون کی تنظیم کے بنیادی اراکین تین ممالک کے نام لکھیں۔**

پاکستان، ایران اور ترکی اقتصادی تعاون کی تنظیم کے بنیادی ارکین ہیں۔

**5۔ پاکستان کی سب سے بلند ترین چوٹی کون سی ہے؟**

پاکستان کی سب سے بلند پہاڑی چوٹی کے ٹو $(K\text{-}2)$ ہے، جس کی بلندی تقریباً 8611 میٹر ہے اور یہ پوری دنیا میں بلندی کے لحاظ سے دوسرے نمبر پر ہے۔

**6۔ جنوبی ایشیا میں امن کس طرح قائم ہو سکتا ہے؟**

پاکستان اور بھارت کے درمیان مسئلہ کشمیر حل ہو جائے تو پورے جنوبی ایشیا کے خطے میں امن قائم ہو جائے گا اور تجارت کو فروغ ملے گا جس کی وجہ سے خطے میں غربت اور افلاس کے خاتمے میں مدد ملے گی۔

**7۔ واخان کی پٹی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**

پاکستان کے شمال میں افغانستان کے علاقے کی ایک تنگ پٹی واخان ہے جو پاکستان کی شمالی سرحد کو تاجکستان سے جُدا کرتی ہے۔

**8۔ پاکستان میں کونسی قدیم تہذیبیں ہیں؟**

پاکستان میں وادی سندھ اور گندھارا کی قدیم تہذیبیں ہیں۔

**9۔ پاکستان میں کونسے علاقے سیاحت کے لیے مشہور ہیں؟**

وادیِ کاغان، درہ خیبر، سوات اور گلگت بلتستان کے علاقے سیاحت کے لیے مشہور ہیں۔

**10۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے مقاصد کون کون سے ہیں؟**

پاکستان کی خارجہ پالیسی کے مقاصد میں نظریہ پاکستان کا تحفظ، ثقافت کا فروغ اور معاشی ترقی شامل ہے۔

**11۔ پاکستان کے قومی مفادات کا کیا تقاضا ہے؟**

پاکستان کے قومی مفادات کا تقاضا ہے کہ پاکستان کے اقتدارِ اعلیٰ اور جغرافیائی و نظریاتی حدود کا تحفظ کیا جائے۔ قومی سلامتی کے خلاف اٹھنے والے ہر قدم کو روکا جائے اور پاکستان کی حفاظت کی جائے۔

**12۔ مغربی ممالک میں پاکستان کی کونسی چیزیں پسند کی جاتی ہیں؟**

مغربی ممالک میں پاکستانی لباس، کشیدہ کاری، کڑھائی والے کُرتے، شلوار اور چادریں وغیرہ پسند کی جاتی ہیں۔

**13۔ پاک بھارت جنگ 1965ء کی جنگ کے بارے چند جملے لکھیں۔**

6 ستمبر 1965ء کی رات بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا۔ یوں لاہور، قصور اور سیالکوٹ کے محاذ پر جنگ کا آغاز ہوا۔ پاکستانی فوج نے جرات کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارتی حملے کا بھرپور جواب دیا اور دشمن کو پیچھے دھکیل دیا۔

**14۔ پاک بھارت جنگ 1971ء کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔**

1971ء کی پاک بھارت جنگ کو مقامی لوگوں کی حمایت حاصل تھی۔ جس کی وجہ سے پاکستان اپنے ایک حصّے سے محروم ہو گیا اور مشرقی پاکستان بنگلہ دیش کے نام سے نیا ملک بن گیا۔

**15۔ اسلامی جمہوریہ ایران کے متعلق چند جملے لکھیں۔**

اسلامی جمہوریہ ایران کا سرکاری مذہب اسلام ہے۔ قومی زبان فارسی ہے۔ اس کی کرنسی کا نام ایرانی ریال ہے۔ اسکا دار لحکومت کا نام تہران ہے۔ دنیا کی قدیم تہذیبوں میں سے ایک تہذیب ایران کی ہے۔ یہاں تیل کے بڑے ذخائر موجود ہیں۔

**16۔ عوامی جمہوریہ چین کا تعارف چند جملوں میں لکھیں۔**

عوامی جمہوریہ چین آبادی کے لحاظ سے دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ ہر سال یکم اکتوبر کو چینی باشندے یوم آزادی مناتے ہیں۔ چین کی کرنسی کا نام یوان $(Yuan)$ ہے۔

**17۔ کشمیر کو پاکستان اور بھارت اپنا حصہ کیوں سمجھتے ہیں؟**

تقسیم ہند کے وقت ایک ہندو ڈوگرا حکمران تھا۔ یہاں کی آبادی کی اکثریت مسلمان تھی۔ ڈوگرا چاہتا تھا کہ کشمیر کا الحاق بھارت کے ساتھ ہو جائے جبکہ پاکستان کا موقف ہے کہ یہاں کی آبادی کی اکثریت مسلمان ہے اور وہ پاکستان کے ساتھ الحاق چاہتے ہیں اس لیے کشمیر پاکستان کا حصہ ہے۔

گورنمنٹ کرسچین ہائی سکول ڈسکہ

**18۔ کشمیر کے حوالے سے سلامتی کونسل نے اپنے اعلامیے میں پاکستان کے کونسے موقف کو تسلیم کیا؟**

سلامتی کونسل نے اپنے اعلامیے میں پاکستان کے اس مؤقف کو تسلیم کیا کہ کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ ریاست کے عوام کی مرضی کے مطابق ہو گا اور اس مقصد کے لیے اقوام متحدہ کی زیر نگرانی استصوابِ رائے کروایا جائے گا۔

**19۔ اسلامی کانفرنس کی تنظیم $(O.I.C)$ کا قیام کس طرح عمل میں آیا؟**

1969ء میں اسرائیلیوں نے مسجد اقصیٰ (قبلہ اوّل) کو آگ لگائی تو دنیا بھر کے مسلمانوں میں غم وغصے کی لہر دوڑ گئی۔ اس کے بعد مسلم ممالک کے نمائندے مراکش کے شہر رباط میں اکٹھے ہوئے۔ اس اجلاس میں پاکستان کی تجویز پر اسلامی کانفرنس کی تنظیم $(O.I.C)$ کا قیام عمل میں آیا۔

**20۔ دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس 1974ء کو لاہور میں منعقد کرنے میں کن نمائندوں نے مرکزی کردار ادا کیا؟**

دوسری اسلامی سربراہی کانفرنس 1974ء کو لاہور میں منعقد کرنے میں ذوالفقار علی بھٹو، شاہ فیصل ، معمر قذافی، حافظ الاسد، شیخ زید بن سلطان اور انور سادات نے مرکزی کردار ادا کیا۔

**21۔ پاکستان کے سعودی عرب کے ساتھ تعلقات کو چند جملوں میں لکھیں۔**

پاکستان کے سعودی عرب کے ساتھ قریبی تعلقات ہیں۔ سعودی عرب نے ہمیشہ پاکستان کا ساتھ دیا ہے۔ شاہ فیصل پاکستان کو اپنا دوسرا گھر قرار دیتے تھے۔ بین الاقوامی سیاست میں سعودی عرب نے ہمیشہ ہمیشہ پاکستانی مؤقف کی تعریف کی ہے۔

**22۔ اقتصادی تعاون کی تنظیم $(E.C.O)$ کے رکن ممالک کونسے ہیں؟**

اقتصادی تعاون کی تنظیم کے رُکن ممالک میں پاکستان، ایران، ترکی، افغانستان، آزربائیجان، قازقستان، کرغزستان، تاجکستان، ترکمانستان اور اُزبکستان شامل ہیں۔

**23۔ جنوبی ایشیا کے ممالک کی تنظیم برائے علاقائی تعاون $(SAARC)$ کے رُکن ممالک کونسے ہیں؟**

جنوبی ایشیا کے ممالک کی تنظیم برائے علاقائی تعاون $(SAARC)$ کے رُکن ممالک میں پاکستان، بھارت، بنگلہ دیش، سری لنکا، نیپال مالدیپ، بھوٹان اور افغانستان ہیں۔

**24۔ سارک تنظیم کے مقاصد کونسے ہیں؟**

سارک تنظیم کا مقاصد یہ ہیں:

(i) ایک دوسرے کے مسائل کو سمجھنا اور باہمی اعتماد سازی کے لیے اقدامات کرنا۔

(ii) جنوبی ایشیائی ممالک کے درمیان اجتماعی خود انحصاری کو بڑھانا اور مضبوط کرنا۔

(iii) باہمی دلچسپی کے موضوعات پر بین الاقوامی سطح پر یکساں مؤقف اختیار کرنا۔

**25۔ مالدیپ کا تعارف چند جملوں میں کروائیں۔**

مالدیپ جزائر پر مشتمل ایک ریاست ہے۔ یہاں قریباً دو سو جزیروں میں انسانی آبادی ہے۔ مالدیپ کا دارالحکومت مالے ہے۔ مالے میں پورے ملک کی 80 فی صد آبادی قیام پذیر ہے۔

**26۔ بھوٹان کا تعارف چند جملوں میں لکھیں۔**

بھوٹان کا دارالحکومت تھمفو ہے۔ یہاں کی سرکاری زُبان "ڈونگا" ہے۔ زیادہ تر عوام کا مذہب بدھ مت ہے۔ بھیڑ بکریاں پالنا لوگوں کا اہم پیشہ ہے۔

**27۔ چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کا کیا مقصد ہے؟**

چین پاکستان اقتصادی راہداری منصوبے کا مقصد جنوب مغربی پاکستان سے چین کے شمال مغربی علاقے سنکیانگ تک گوادر بندر گاہ، ریلوے اور موٹروے کے ذریعے تیل اور گیس کی کم وقت میں ترسیل ہے۔

**28۔ سی پیک سے پاکستان کی معیشت پر کیا اثرات مرتب ہوں گے؟**

سی پیک کے پاکستان کی معیشت پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ مستقبل کی ضروریات کے پیشِ نظر سی پیک کے تحت توانائی، سڑکوں، ریل، صنعت اور سیاحت وغیرہ کے شعبوں کو ترقی ملے گی۔ ملک میں کاروباری سرگرمیاں تیز ہوں گی، معیشت مستحکم ہو گی، روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور غربت میں کمی لانے میں مدد ملے گی۔ ملکی معیشت کے مختلف شعبوں میں ترقی کے لیے چین کے تجربات سے فائدہ اُٹھایا جائے گا۔

**29۔ پاکستانی افواج نے کن ممالک میں امن فوج کی حثیت سے فرائض سرانجام دیے ہیں؟**

پاکستانی افواج نے خلیجی ریاستوں بوسنیا، سوڈان، کانگو اور دنیا کی دیگر ریاستوں میں امن فوج کی حثیت سے فرائض سرانجام دیے ہیں۔

**30۔ دنیا کے کن ممالک کو اقوام متحدہ میں ویٹو $(Veto)$ کا حق حاصل ہے؟**

دنیا کے پانچ بڑے ممالک امریکا، برطانیہ، فرانس، روس اور چین کو اقوام متحدہ میں ویٹو کا حق حاصل ہے۔

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ

گورنمنٹ کرسچن ہائی سکول ڈسکہ